ہلدی کے ذریعہ دیمک کا کنٹرول

۱۔جس کھیت میں دیمک کا شدید حملہ ہو۔اس میں ہلدی کاشت کریں۔

۲۔اس کھیت میں پگڈنڈیوں پر دس دس فٹ کے فاصلے پر کھونڈیاں لگائیں۔

۳۔پندرہ دن بعد کھونڈیوں کو چیک کریں۔جس کھونڈی پر دیمک کا حملہ نظر آئے اس پر نیفا ٹرمیپ لگادیں۔

۴۔پندرہ دن بعد تمام کھونٹے اور تمام نیفا ٹرمیپ کو چیک کریں۔جس کھونٹے پر دیمک ہو اس پر نیفا ٹرمیپ۔جس نیفا ٹرمیپ میں دیمک ہو اسکا بنڈل نکال کر نیا بنڈل لگادیں۔اور دیمک والے بنڈل کھول سادہ پانی سے بھری بالٹی میں ڈبو دیں۔۵ سے ۱۰ منٹ میں دیمک مرجائے گی۔ان بنڈلوں کی جھٹیوں کو صاف کر کے سائے میں خشک کرلیں اور ان سے بنڈل بنالیں جو دوبارہ استعمال کریں۔

۵۔پندرہ دن بعد پھر نمبر ۴ والا طریقہ اختیار کریں۔ہلدی کی Harvesting تک یہی عمل کریں۔